احادیث کا مجموعہ منتخب کرتے ہیں، جسے اربعین کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ انہی مجموعوں میں سے ایک مجموعہ اربعین نووی ہے۔ امام یحییٰ بن شرف الدین نووی ساتویں صدی ہجری کے مشہور محدث اور شارح حدیث ہیں، انہوں نے اپنے اس مجموعے میں بہت خوبی سے دینی عقائد، ارکان، اخلاق اور اعمال سے تعلق رکھنے والی احادیث کو جمع کر دیا ہے۔ مترجمین نے صرف احادیث کے متون و تراجم دینے پر اکتفا نہیں کی بلکہ کتاب کے شروع کے دو تہائی حصے میں حدیث کی ابتدائی تدوین، مصطلحات و اقسام حدیث، ائمہ حدیث، اصحاب صحاح ستہ، راویان احادیث اربعین نووی اور امام نووی کے بارے میں بھی ضروری اور مفید معلومات فراہم کر دی ہیں۔ اس طرح سے اس کتابچے کی جامعیت و افادیت میں بہت اضافہ ہو گیا ہے۔

اختلافی مسائل میں اعتدال کی راہ | افادات شاہ ولی اللہ دہلویؒ۔ مترجمہ مولانا صدر الدین اصلاحی۔ شائع کردہ مکتبہ جماعت اسلامی ہند۔ رام پور۔ قیمت ایک روپیہ بارہ آنہ۔

ہماری تاریخ کا ایک اہم ترین مسئلہ وہ اختلافات ہیں جو فرقے بنانے کا موجب ہوئے۔ اس مسئلے پر جس بہترین تحقیقی و تفہیمی انداز میں شاہ ولی اللہؒ نے اپنے افادات سپرد قلم فرمائے ہیں ان کو پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ حکمت دین نام کس چیز کا ہے۔ اس بحث کو مولانا صدر الدین اصلاحی نے اردو کا جامہ پہنایا ہے۔ اول اول ایک سلسلۂ مقالات کے طور پر یہ بحث خود ماہنامہ ترجمان القرآن میں شائع ہوئی تھی۔ اب یہ نظرثانی کے بعد مرتب ہو کر کتابی صورت میں ہمارے سامنے ہے۔

شاہ صاحب نے بڑی وسعت نظر کے ساتھ اختلافات کی تاریخ کا جائزہ لیا ہے اور ان کے نشوو ارتقاء کو مختلف دوروں میں تقسیم کر کے بیان فرمایا ہے۔ کتاب پڑھتے ہی جیسے ساری تاریخ کھل کر سامنے آجاتی ہے اور ایک بلندی سے بیٹھ کر امت کے قافلۂ افکار کو بیک نظر بارہ صدیوں کا سفر کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے شاہ صاحب کا علم ساتھ ساتھ واضح کرتا جاتا ہے کہ کہاں سے یہ قافلہ جادۂ اعتدال سے ہٹتا ہے اور کہاں کہاں سے غلط موڑ مڑتا ہے اور پھر کس طرح فرقہ واریت اور گروہی تعصبات کے نشیب و فراز اس کے سامنے حائل ہو جاتے ہیں اور وہ ٹکڑیوں میں بٹتا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ اس کتاب کو پڑھ کر ایک مسلمان کی نظر میں وہ توسع پھر لوٹ کر آجاتا ہے جس کو